F.Y.
March 2017

Reg. No. ....

Name ....

642

Part - III
URDU (Optional)

Maximum : 80 Scores

Time : **2½** Hours

Cool off time : **15** Minutes

General Instructions to Candidates :

- There is a 'Cool off time' of 15 minutes in addition to the writing time of 2½ hrs.
- You are neither allowed to write your answers nor to discuss anything with others during the 'cool off time'.
- Use the 'Cool of time' to get familiar with questions and to plan your answers.
- Read the questions carefully before answering.
- All questions are compulsory and only internal choice is allowed.
- When you select a question, all the sub-questions must be answered from the same question itself.
- Electronic devices except nonprogrammable calculators are not allowed in the Examination Hall.

.1 آپ کے پسندیدہ کسی ایک غزل کا مطلع شعر لکھیے؟ 2

.2 دنیا کے کونے کونے میں آج اُردو ترقی پا رہی ہے۔ اُردو کی عالمی مقبولیت پر ایک نوٹ تیار کیجیے۔ (کم از کم 5 جملے) 5

.3 نہرو اپنی آپ بیتی میں لکھتے ہیں۔ ''میں بڑا ہوکر ان جیسا بن جاؤں۔'' آپ بڑا ہوکر کیا بننا چاہتے ہیں؟ (کم از کم 6 جملوں میں جواب دیجیے) 6

.4 نظم 'زندگی سے ڈرتے ہو' کا شاعر کون ہیں؟ 1

.5 آپ نے کئی تفریحی سفر کیے ہوں گے۔ کسی ایک سفر کا ذکر کرتے ہوئے اپنے دوست کے نام ایک خط لکھیے۔ (کم از کم 6 جملے) 6

.6 ذیل کی رباعی کا مفہوم اپنے الفاظ میں لکھیے۔ (کم از کم 5 جملے) 5

ہیں جہل میں عالم و جاہل ہمسر
آتا نہیں فرق اس کے سوا ان میں نظر
عالم کو ہے علم اپنی نادانی کا
جاہل کو نہیں جہل کی کچھ اپنی خبر

.7 نیچے دیے گئے شعر سے استعارہ لفظ چن کر لکھیے۔ 2

نہ ہے وہ پلنگ اور نہ وہ ماہرو
نہ وہ گل ہے اس جا، نہ وہ اس کی بو

.8 افسانہ 'روشنی' میں کون سا کردار آپ کو زیادہ پسند ہے؟ کیوں؟ (کم سے کم 6 جملوں میں بیان کیجیے) 6

.9 'خدائے سخن' میر تقی میرؔ اُردو کے مشہور غزل گو شاعر ہیں۔ آپ کی پسند کے کوئی ایک غزل گو شاعر کے بارے میں ایک لکھیے۔ (کم سے کم 5 جملے) 5

.10 ذیل کے شعر کا مطلب اپنے الفاظ میں لکھیے۔ 5

پانی کو چھو رہی ہو جُھک کے گُل کی ٹہنی
جیسے حسین کوئی آئینہ دیکھتا ہو

.11 گروہ سے نامناسب لفظ کو الگ کر کے لکھیے۔ 1

ریختہ ، ہندوستانی ، فارسی ، اُردوئے معلّٰی

.12 ''ہندوستان میرا گھر ہے۔ میں اپنا گھر چھوڑ کر کس طرح جا سکتی ہوں؟'' 6

برج بانو کے اس قول کے بارے میں اپنے خیالات واضح کیجیے۔ (کم از کم 6 جملے)

.13 کسی ایک رباعی گو شاعر کا نام لکھیے۔ 1

.14 'سب ٹھاٹ پڑا رہ جاوے گا، جب لاد چلے گا بنجارا' اس مصرع سے کیا مراد ہے؟ 5

اپنے الفاظ میں جواب لکھیے۔

.15 ذیل کے کسی ایک شعر کا مفہوم اپنے الفاظ میں لکھیے۔ (کم از کم 5 جملے) 5

؎ جسے عشق کا تیر کاری لگے
اسے زندگی کیوں نہ بھاری لگے

یا

؎ ہم ہیں متاعِ کوچہ و بازار کی طرح
اُٹھتی ہے ہر نگاہ خریدار کی طرح

.16 خانہ 'الف' کے الفاظ کو خانہ 'ب' سے ملائیے۔ 4

'الف'	'ب'
روشنی	ولی دکنی
غزل	اختر انصاری
مثنوی سحر البیان	پریم چند
قطعہ	میر حسن
	نہرو

17. آپ نے اُردو کے متعلق لکھے ہوئے بہت سے اشعار پڑھے ہوں گے۔ کوئی ایک شعر لکھیے۔ 2

18. ڈرامہ 'دارا شکوہ' کا کون سا کردار آپ کو زیادہ پسند آیا؟ کیوں؟ 6
(کم از کم 6 جملوں میں بیان کیجیے)

19. آپ کے پسندیدہ کسی دو مرثیہ نگاروں کے نام لکھیے۔ 2

20. اُردو کے کئی مشہور شعرا کے بارے میں آپ جانتے ہیں۔ کسی ایک شاعرہ کے بارے میں ایک مختصر نوٹ لکھیے۔ (کم سے کم 5 جملے) 5

یا

اُردو اصنافِ سخن میں آپ کی پسند کے کسی ایک صنف کے بارے میں ایک مختصر نوٹ تیار کیجیے۔